NYC (Office of Emergency Management) دفتر برائے ہنگامی نظم و نسق
(Department of Education) محکمۂ تعلیم

# تیار رہنے

## کے لیے خود اپنی راہ منتخب کریں



# ریڈی نیو یارک
# (Ready New York)

## تیار رہنے کے لیے خود اپنی راہ منتخب کریں



©2013 ایڈ کونسل اور New York سٹی دفتر برائے ہنگامی نظم و نسق
(Office of Emergency Management)۔ متن اور ڈیزائن بذریعہ دی ایجوکیشن سنٹر
ایل ایل سی (The Education Center, LLC)

# شارکس ان دی کراس واک

Ben کو اسکول کے بعد باسکٹ بال کا ایک پک اپ گیم کھیلنے میں مزہ آیا۔ مڈل اسکول میں رہتے ہوئے، اس نے دن کا کافی سارا وقت ڈیسک پر بیٹھے بیٹھے گزارا، اس لئے کئی ایک گھنٹے تک کورٹ میں دوڑ بھاگ کرنے سے اس کو توانائی ملی۔ گیم ختم ہوجانے پر اس نے اپنی سویٹ شرٹ اٹھائی اور اپنی گردن سے پسینہ پونچھا۔

”تم کہاں جا رہے ہو؟“

”شاور لینے کے لیے دوڑ کر اپنے گھر جاؤں گا اس کے بعد اپنی چھوٹی بہن کو آفٹر اسکول پروگرام سے لینےجاؤں گا“، Ben نے باسکٹ بال کورٹ سے نکلتے ہوئے اپنے دوست Mikey کو بتایا۔

Ben موسیقی سنتے ہوئے اپنے اپارٹمنٹ کی بلڈنگ کی طرف بڑھا۔ Ben جب کونے پر مڑا تو اس نے دیکھا کہ اس کی اسٹریٹ سرکاری ٹرکوں، یوٹیلیٹی کی گاڑیوں، نارنجی مخروطوں، اور لکڑی کے بیریئر (رکاوٹ) سے بھری ہوئی ہے۔ ایک بیریئر کے پیچھے پولیس کروزر کھڑی تھی، جس کی روشنیاں جھلملا رہی تھیں۔ دو جانبی ریڈیو کی گڈمڈ آواز ہر جگہ موجود تھی۔ اور ایک عجیب، تیز شور والی، سی سی کی آواز سے یہ بلاک شہر کم اور کسی دریا کا کنارا زیادہ معلوم ہوتا تھا۔ آخر یہ کیا ہو رہا ہے؟

Ben بہتر طور پر دیکھنے کے لیے پڑوس کی عمارت کے سامنے والے زینے پر

چڑھ گیا۔ چوراہے کے بیچ میں، اس کے اپارٹمنٹ کی بلڈنگ کے دروازے کے پاس، پانی کا ایک لہریں مارتا، غرغراتا ہوا ریلا اسٹریٹ سے ابلتا ہوا معلوم پڑا۔ پانی چاروں طرف بہہ رہا تھا۔

"بچے! ارے، بچے!"

Ben نے نیچے نظر ڈالی اور ہرے رنگ کی صدری پہنے ایک آدمی کو دیکھا جو واکی ٹاکی کے ساتھ اس کی سمت اشارہ کر رہا تھا۔

"تم انہیں میں سے کسی عمارت میں رہتے ہو؟ میں کمیونٹی ایمرجنسی ریسپانس ٹیم (Community Emergency Response Team) کے ساتھ ہوں"، واکی ٹاکی والے آدمی نے کہا، جو اپنا ID بیج اٹھائے ہوئے تھا۔ "دیکھو، میرے بیج پر 'CERT' لکھا ہوا ہے۔ نام ہے O'Meara۔"

"Mr. O'Meara، یہ کیا ہو رہا ہے؟" Ben نے پوچھا۔



”پانی کا مین پائپ ٹوٹ گیا ہے اور بجلی گل ہوگئی ہے“، اس آدمی نے بتایا۔ ”یہ عمارتیں خالی کرائی جا رہی ہیں۔ تمہارا نام کیا ہے؟“

”میرا نام Ben ہے۔ میں وہاں رہتا ہوں“، Ben نے پڑوس کی عمارت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بتایا۔

”اوکے، Ben۔ میں تمہاری مدد کرسکتا ہوں۔ کیا تمہارے علم میں کوئی ایسی جگہ ہے جہاں تم جاسکتے ہو— کوئی ایسی جگہ جہاں تمہارے اہل خانہ تم کو تلاش کرسکیں؟ یا کیا تمہیں اوپر اپنے اپارٹمنٹ میں جانا ضروری ہے؟“

**اگر BEN کسی دوست کے گھر جانے کا فیصلہ کرتا ہے تو صفحہ 7 پر جائیں۔**

**اگر BEN اوپر اپنے اپارٹمنٹ میں جانے کا فیصلہ کرتا ہے تو صفحہ 6 پر جائیں۔**

**BEN اوپر اپنے اپارٹمنٹ میں جانے کا فیصلہ کرتا ہے۔**

”مجھے اپنے اپارٹمنٹ میں جانا ہے“، Ben نے Mr. O'Meara کو بتایا۔ ”میری کچھ چیزیں ہیں جو مجھے وہاں سے لانی ہیں۔ میرے اہل خانہ نے جائے ملاقات کو ایک ہنگامی کارڈ پر تحریر کیا ہے جو ہمارے ریفریجریٹر پر لگا ہے۔ اور میرا ایک گو بیگ ہے۔“

Mr. O'Meara مسکرائے۔ ”بہت خوب، Ben۔ تم شاید یہاں رات بھر رہنے والے نہیں ہو، لہذا گو بیگ لے لینا اچھا خیال ہے۔ میں تم کو پچھلے دروازے سے تمہاری عمارت کے اندر لے جاؤں گا۔ پھر تم اوپر اپنے اپارٹمنٹ میں جاسکتے ہو اور تم کو جو چیزیں درکار ہیں انہیں لے سکتے ہو۔“



Ben اور Mr. O'Meara ایک ساتھ ایک بیریئر کی طرف بڑھے جہاں ایک پولیس آفیسر کلپ بورڈ اور ریڈیو لیے کھڑا تھا۔ Ben نے ان کو اپنا نام اور اپارٹمنٹ نمبر بتایا اور اسے عمارت میں ہمراہی میں جانے کی اجازت دی گئی۔ پھر CERT کا دوسرا رکن اس کی منزل تک اس کے ساتھ گیا۔

Ben نے دروازہ کھولا اور اندر گیا۔ اسٹریٹ کے شور و غل کے بعد، اپنے اپارٹمنٹ کی محفوظ اور مانوس جگہ میں اکیلا ہونا اچھا لگا۔ وہ کھڑکی کے پاس گیا اور نیچے دیکھا۔ اس نے سڑیٹ پر ایک گڑھے میں سے پھوٹتا ہوا سفید پانی دیکھا اور ہنگامی کارکنان کو ہر سمت میں بھاگ دوڑ کرتے ہوئے دیکھا۔ *کیوں نہ میں چند لمحوں کے لئے یہ کارروائی دیکھوں*، Ben نے سوچا۔ لیکن اسے یہ بھی معلوم تھا کہ اسے اپنا گو بیگ لینا ہے اور ریفریجریٹر پر نگاہ ڈال کر خود کو یاد دلانا ہے کہ اس کے اہل خانہ کی ہنگامی جائے ملاقات کہاں پر ہے۔

**اگر BEN کھڑکی سے دیکھنے کا فیصلہ کرتا ہے تو صفحہ 9 پر جائیں۔**

**اگر BEN اپنا گو بیگ (GO BAG) لینے اور اہل خانہ کی جائے ملاقات کی طرف جانے کا فیصلہ کرتا ہے تو صفحہ 10 پر جائیں۔**

## BEN ایک دوست کے گھر جانے کا فیصلہ کرتا ہے۔

"میرا خیال ہے کہ میں اپنے دوست کے گھر جاؤں گا"، Ben نے Mr. O'Meara کو بتایا۔ "جب تک میرے والدین کام سے واپس نہ آجائیں تب تک میں وہاں رہ سکتا ہوں۔"

"کیا تمہارے اہل خانہ نے کوئی ہنگامی جائے ملاقات متعین کی ہے؟ انہیں کیسے پتہ چلے گا کہ تم کہاں ہو؟"

"انہیں معلوم ہوجائے گا کہ میں Marcus کے ساتھ ہوں"، Ben نے اصرار کیا۔ لیکن اسے اطمینان نہیں تھا۔ اس نے سوچا کہ وہ Marcus کے گھر سے اپنی ماں یا اپنے والد کو فون کرسکتا ہے۔

تبھی، اسٹریٹ میں واپس لوٹتی ہوئی ایک بیک ہو(کھدائی کی مشین) کے بیپ کی اونچی آواز آئی۔ جب انہوں نے بیک ہو کو دیکھا تو Mr. O'Meara بولے: "سنو بچے، تم اس جگہ چلے جاؤ جس کے محفوظ جائے ملاقات ہونے پر تمہارے اہل خانہ کا اتفاق ہے۔ تم یہاں نہیں رک سکتے ہو۔ اس عمارت میں پانی بند کردیا گیا ہے اوربجلی گل کردی گئی ہے۔"

"گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے"، Ben نے کہا۔ "شکریہ، میں یہاں سے جارہا ہوں۔"

Ben فوری طور پر واپس اپنے ہیڈ فون پھسلاتے ہوئے Marcus کے اپارٹمنٹ کی طرف چلا گیا۔ ہوسکتا ہے کہ وہ اور Marcus کچھ ویڈیو گیم کھیلیں یا پھر سے باسکٹ بال کورٹ پہنچ جائیں۔ وہ Marcus کے براؤن اسٹون پر پہنچا اور تیزی سے سیڑھیاں چڑھا۔



"اے، تم یہاں کیا کر رہے ہو؟" اس کے دروازہ کھولتے ہی Marcus نے پوچھا۔

"میں کہیں اور نہیں جاسکتا۔ تمہیں میری اسٹریٹ کو دیکھنا چاہئیے۔ وہاں کا عجیب حال ہے!"

"کیوں؟ کیا ہوا؟" Ben کو اندر آنے دینے کے لیے ایک طرف ہوتے ہوئے، Marcus نے پوچھا۔

"پانی کا مین پائپ ٹوٹ گیا ہے اور بجلی گل ہوگئی ہے"، Ben نے اپنا بیک پیک دروازے کے اندر گراتے ہوئے جواب دیا۔ "وہ مجھے وہاں ٹھہرنے نہیں دیتے۔ لہذا میں نے سوچا کہ یہاں آجاؤں۔ ٹھیک ہے نا؟"

Ben نے Marcus کی ماں کی طرف مڑتے ہوئے پوچھا۔

"بالکل، یہ اچھی بات ہے۔ لیکن کیا تمہارے والدین کو معلوم ہے کہ تم یہاں ہو؟" انہوں نے پوچھا۔ "اور تمہاری بہن کہاں ہے؟"

Marcus کی ماں نے اپنا فون اٹھایا اور اسے Ben کو دیا۔ ”میرے خیال میں تمہیں ابھی انہیں کال کرنا اور یہ بتانا چاہئیے کہ تم کہاں ہو۔“

Ben کی ماں نے پہلی ہی گھنٹی پر فون اٹھا لیا۔ پانی کا مین پائپ ٹوٹ جانے کے بارے میں ان کے پاس ابھی ایک پڑوسی کی کال آئی تھی اور وہ فکرمند تھیں کہ Ben کہاں ہے۔ انہوں نے جلدی سے اسے یاد دلایا کہ کہاں جانا ہے اور یہ کہ اسے اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ اس کے پاس اپنا گو بیگ ویسے ہی ہے جس طرح انہوں نے مشق کی ہے۔

”مجھے جانا ہوگا“، اس نے Marcus کو بتایا۔ ”میرے اہل خانہ سے میری ملاقات ہونے سے قبل مجھے اپنے اپارٹمنٹ میں واپس جانا اوراپنا گو بیگ لینا ضروری ہے۔“
Ben دروازے کی سمت بڑھا اور سیدھا اپنے اپارٹمنٹ کی عمارت کے پیچھے پہنچا۔ اس نے Mr. O'Meara اور CERT کے دوسرے رکن پر اپنی نظر رکھی، یہ جانتے ہوئے کہ ضرورت پڑنے پر وہ مدد کریں گے۔

**”BEN اوپر اپنے اپارٹمنٹ میں جانے کا فیصلہ کرتا ہے“ صفحہ 6 پر جائیں۔**

**BEN تھوڑی دیر کے لیے کارروائی دیکھنے کا فیصلہ کرتا ہے۔**

چند منٹوں کے بعد ہی، Ben اسٹریٹ پر پھیلتے ہوئے پانی کو دیکھ کر تھک گیا۔ منظر اس قدر بے تکا تھا جیسے کسی دس سیکنڈ کے ویڈیو کو بار بار اور لگا تار دیکھا جارہا ہو۔

کھڑکی کی طرف سے مڑکر، Ben نے ہاتھ میں کھیلنے والا اپنا ویڈیو گیم اٹھایا اور اس نے وہی گیم کھیلنا شروع کردیا جس کو اس نے بچا رکھا تھا۔ اسے کچھ اندازہ نہیں تھا کہ وہ کتنی دیر تک گیم کھیلتا رہا تھا کہ تبھی اس نے دروازے پر تیز دستک سنی۔ وہ دروازے کی طرف بڑھا اور باریک سوراخ سے جھانکا۔ Mr. O’Meara باہر موجود تھے۔



”تم نے تو بتایا کہ تم ابھی ابھی نیچے واپس آر ہے ہو۔ کیا تم ٹھیک ہو؟“ Mr. O’Meara نے پوچھا۔ پھر Mr. O’Meara نے ویڈیو گیم کو دیکھا اور چونک پڑا۔ انہوں نے دیکھا کہ Ben نے اپنا گو بیگ اٹھایا اور ریفریجریٹر پر ہنگامی کارڈ کو چیک کیا۔

”Ben، میرے خیال میں ویڈیو گیم کھیلنے کے بجائے اس وقت تمہیں زیادہ اہم چیزوں کے بارے میں غور کرنا چاہیے۔ تمہارے اہل خانہ تمہارا انتظار کررہے ہوں گے“، Mr. O’Meara نے نیچے ہال کی طرف بڑھتے ہوئے کہا اور Ben نے دروازہ بند کر دیا۔

**”BEN اپنا گو بیگ لینے اور اہل خانہ کی جائے ملاقات کی طرف جانے کا فیصلہ کرتا ہے“ صفحہ 10 پر جائیں۔**

**BEN اپنا گو بیگ لینے اور اہل خانہ کی جائے ملاقات کی طرف جانے کا فیصلہ کرتا ہے۔**

Ben سیدھا اپنی خوابگاہ میں گیا۔ اس کی الماری میں ہی اس کا شوخ لال رنگ کا گو بیگ تھا جس میں کسی ہنگامی حالت کی بابت اسے درکار ہر چیز رکھی ہوئی تھی۔ اس کا دل للچا رہا تھا کہ اپنے ویڈیو گیمز اپنے ساتھ لے لے، مگر اسے معلوم تھا کہ اتنا وقت نہیں ہے۔ اسے یہ بھی یاد آیا کہ اس کے گو بیگ میں چند کامک بکس ہیں جو اسے مصروف رکھنے میں معاون ہوں گی۔


اپنی خوابگاہ سے باہر نکلتے ہوئے، Ben نے اپنا چھوٹا سا فلیش لائٹ اٹھایا اور پھر باورچی خانے میں گیا۔ وہاں اس نے ریفریجریٹر پر ہنگامی کارڈ دیکھا۔

"اوہ۔ یقیناً!" Ben نے کہا۔ "ایلیمنٹری اسکول۔ یہی ہمارے اہل خانہ کی جائے ملاقات ہے!"

اپنا گو بیگ ہاتھ میں لیے ہوئے، Ben نے اپنے اہل خانہ کا اپارٹمنٹ مقفل کیا اور نیچے گلیارے کی طرف بڑھا۔

"یقیناً یہاں چاروں طرف خاموشی ہے"، اس کے پیچھے کسی نے کہا۔

مڑتے ہوئے، Ben نے اپنی پڑوسن، Mrs. Hawthorne کو دیکھا۔



"کیا آپ کسی پناہ گاہ میں یا کہیں اور جا رہی ہیں؟" Ben نے پوچھا۔

"سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ کیا کروں؟"، Mrs. Hawthorne نے اپنے دروازے سے کہا۔ "مجھے Mr. Melvin کا خیال رکھنا ہے۔"

"Mr. Melvin"، Ben نے دوہرایا۔ "آپ کی بلی۔"

ایلیویٹر کی طرف بڑھتے ہوئے، Ben نے مزید کہا، "آپ کو پتہ ہے کہ آپ اپنی بلی کو ہنگامی پناہ گاہ میں لے جاسکتی ہیں۔ آپ کو اسے بس ایک کیریئر میں رکھنا ہوتا ہے۔ ہرے رنگ کی صدری والے آدمی سے بات کریں۔ لیکن ہمیں آج رات یہاں رکنے کی اجازت نہیں ہے۔"

اسٹریٹ میں واپس پہنچنے کے بعد، Ben سیدھا Mr. O'Meara کے پاس گیا اور انہیں اپنا گو بیگ دکھایا۔

”تمہیں پتہ ہے کہ تمہارے اہل خانہ سے تمہاری ملاقات کہاں پر ہوگی؟“

”جی جناب۔ ایلیمنٹری اسکول میں۔ میں نے ابھی ابھی اپنا ہنگامی کارڈ چیک کیا۔ میری چھوٹی بہن وہیں پر آفٹر اسکول پروگرام میں ہے۔“

”بچے، اپنی بہن کے پاس جاؤ۔ محفوظ رہو۔“ Mr. O’Meara نے کہا۔

Ben نے اپنے ہیڈ فونز کو اپنے گردن کی گرد لپیٹا لیکن پھر اسے دوبارہ پیچھے کردیا۔ ”اوہ، ایک بات اور“، اس نے کہا۔ ”اپارٹمنٹ 3D میں میری پڑوسن ابھی بھی اوپر ہی ہیں۔ وہ اپنی بلی کے بارے میں فکرمند ہیں۔ کیا کوئی جاکر ان سے بات کرسکتا ہے؟“

”یقینا جائے گا۔ مجھے بتانے کا شکریہ“، Mr. O’Meara نے کہا۔ ”پیس آؤٹ۔“


Ben مسکراتے ہوئے آگے بڑھ گیا۔ *پیس آؤٹ؟ یہ آجکل کون کہتا ہے؟* اس نے خود سے سوچا۔

Ben کو اچھا لگا۔ اس نے اس جگہ پر جانے کا درست انتخاب کیا جہاں اس کے اور اس کے والدین کے اتفاق رائے کے مطابق انہیں ہونا چاہیے۔ بس دوسرے ہی بلاک میں، وہ وہاں پہنچ جائے گا۔

”اے، Ben! اے، Ben! تم کہاں جا رہے ہو؟“

Ben اپنے خیالوں میں کھویا ہوا تھا اور اس نے اپنے دوست Adam اور Mike D کو آتے ہوئے نہیں دیکھا۔ Mike D نے Ben کو جھنجھوڑنے کے لیے اپنا ہاتھ اس کے اوپر رکھا۔

”کیا بات ہے، Ben؟“ Mike D نے پوچھا۔



اپنے ہیڈ فونز اتارتے ہوئے، Ben نے جواب دیا، ”آج کی سہ پہر کافی پریشان کن رہی ہے۔“

”کیا تم نے پانی کا مین پائپ ٹوٹ جانے کے بارے میں سنا؟“ Adam نے پوچھا۔ ”میرے خیال میں جہاں تم رہتے ہو وہیں پر معاملہ پیش آیا ہے، Benny! ان کا کہنا ہے کہ اسٹریٹ پانچ فٹ پانی کے نیچے ہے اور کچرے والا ایک ٹرک ہول میں گر گیا! ہم اسے دیکھنے جا رہے ہیں۔“

”میں نے اسے دیکھا ہے۔ یہ میرے اپارٹمنٹ کے عین سامنے ہے“، Ben نے بتایا۔
”واقعی؟“ دونوں لڑکوں نے کہا۔
Ben ہنسا اوربولا، ”ہاں ہاں۔ کچرے کا کوئی ٹرک نہیں ہے۔ بس کافی زیادہ پانی ہے۔“
”آؤ۔ چلو ہم چل کر دیکھتے ہیں۔“ Adam نے کہا۔
”ہاں ہاں، آؤ، Ben۔ ہمیں دکھاؤ“، Mike D فوراً بولا۔


**اگر BEN پانی کے ٹوٹا ہوا مین پائپ دکھانے کے لیے ADAM اور MIKE کو لے جانے کا فیصلہ کرتا ہے تو صفحہ 13 پلٹیں۔**

**اگر BEN جائے ملاقات پر جانے کا فیصلہ کرتا ہے تو صفحہ 15 پر جائیں۔**

**BEN پانی کا ٹوٹا ہوا مین پائپ دکھانے کے لیے ADAM اور MIKE D کو لے جانے کا فیصلہ کرتا ہے۔**

”اوکے“، Ben تیار ہوگیا۔ ”میرا وعدہ ہے کہ ہم جاکر ایک منٹ میں اسے دیکھ سکتے ہیں۔“

Mike D اور Adam لاابالی تھے۔ Ben کو کوئی اندازہ نہیں تھا کہ پانی کا ٹوٹا ہوا مین پائٹ دیکھنے میں کیا مسرت ہوسکتی ہے۔ لیکن اپنے دوستوں کو اس بارے میں بات کرتے ہوئے سن کر سوچا، ہوسکتا ہے کہ وہ وہاں شارک کو شہر کی طرف تیرتے ہوئے یا جیلی فش کو کوئنز کی طرف بڑھتے ہوئے دیکھ لیں۔



جب وہ بلاک میں واپس پہنچے تو، Ben کو منظر بہت حد تک ویسا ہی نظر آیا جیسا اس کے چھوڑ کر جانے کے وقت تھا۔ کوئی جیلی فش نہیں۔ براڈوے کی سمت کوئی شارک نہیں۔ حتی کہ کوئی زیادہ پانی بھی نہیں تھا۔

Mike D ایک کھڑے ٹرک کی پشت کے اوپر چڑھ گیا اور چوراہے کی طرف اشارہ کیا۔

"کیا؟ یہ تو اسٹریٹ میں بس ایک گڑھا ہے!" وہ چلایا۔

تبھی، Mr. O'Meara بیریکیڈ کے اوپر سے ہوکر بغلی راستے پر گئے۔ انہوں نے Mike D کو ٹرک سے اتر جانے کی تحریک دی۔ Ben کی طرف اشارہ کرتے ہوئے، اس نے کہا "کیا تم کوئی چیز بھول گئے؟"

"میرے دوست پھوٹتے ہوئے پانی کو دیکھنا چاہتے تھے۔"

"سارا پانی کہاں گیا؟" Adam نے پوچھا۔ "کچرے کا ٹرک ایک معمولی سے گڑھے میں کیسے ڈوب سکتا ہے؟"

Mr. O'Meara چونکا اور دوہرایا، "کچرے کا ٹرک؟"

"ان لوگوں نے سنا تھا کہ کچرے کا ٹرک اس گڑھے میں گر گیا ہے جو پانی کے پھوٹنے سے بن گیا تھا،" Ben نے کہا۔

"میرے خیال سے تمہیں کہیں جانا تھا Ben،" Mr. O'Meara نے کہا۔

Ben نے اپنا سر ہلایا۔ "آپ صحیح کہہ رہے ہیں۔ میں جاتا ہوں۔ چلو، دوستو"

Mike D ابھی بھی اسٹریٹ پر ایک نظر ڈالنے کی کوشش میں تھا، مگر وہ تینوں مڑ گئے اور اس طرف جانا شروع کردیا جہاں ان کی ملاقات ہوئی تھی۔

چند منٹوں کے بعد، Ben آخر کار ایلیمنٹری اسکول پہنچ گیا۔ اسے اپنے اہل خانہ کو تلاش کرنے میں زیادہ وقت نہیں لگا۔ اس کی چھوٹی بہن کی آنکھیں لال تھیں، اور وہ سوں سوں کر رہی تھی۔ Ben کی ماں نے اسے اپنے بازوؤں میں لے رکھا تھا۔ اپنے والدین کے چہروں پر ایک نظر ڈالنے سے ہی پتہ چل گیا کہ وہ Ben سے ناراض تھے۔

"تم کہاں رہ گئے تھے؟" اس کے والد نے پوچھا۔

"ہم فکرمند ہو رہے تھے"، اس کی ماں نے مزید کہا۔ "اور تمہاری بہن ڈر گئی تھی۔ ہم نے ایک کنبہ جاتی ہنگامی منصوبہ بنایا تھا۔ تم نے اس پر عمل کیوں نہیں کیا؟"

Ben سہ پہر کی باتیں سوچنے لگا۔ اتنی ساری کارروائی، اتنے سارے فیصلے۔ وہ اپنے منصوبے پر کیوں نہیں ٹکا رہا؟ اپنے والدین اور اپنی بہن کی طرف دیکھتے ہوئے، اس نے سوچا کہ کاش وہ اسے دہرا سکتا۔ اس نے سوچا کہ کاش وہ اپنے منصوبے پر ٹکا رہتا۔ Ben خوب جان گیا کہ اگر پھر کبھی دوسری ہنگامی حالت پیش آئی تو، وہ یقینا منصوبے کی پیروی کرے گا۔

## BEN جائے ملاقات پر جانے کا فیصلہ کرتا ہے۔

Ben کو ان قہقہوں کا خیال آیا جو پانی کا ٹوٹا ہوا مین پائپ دیکھنے پر وہ Mike D اور Adam کے ساتھ مارتا۔ لیکن وہ تو پہلے وہاں گیا تھا، اور وہاں دیکھنے لائق کچھ تھا، واقعی؟ کسی گڑھے میں کچرے کا کوئی ٹرک نہیں تھا۔

"ساتھیو، میں یہاں سے جا رہا ہوں"، Ben نے اپنے دوستوں سے کہا۔ "یہاں دیکھنے لائق کچھ خاص نہیں ہے۔"

"جیسی مرضی"، جب لڑکے واپس لوٹے تو Adam نے کہا۔

Ben جلد ہی ایلمنٹری اسکول پہنچ گیا۔ آفٹر اسکول پروگرام کے رضاکاران سامنے والے دروازے پر ہرے رنگ کی CERT صدریوں میں ملبوس متعدد افراد اور کچھ پولیس افسران کے ساتھ کھڑے تھے۔ اسکول کے اہلکاروں نے Ben کو پہچان لیا اور اس کی بہن کی طرف اشارہ کیا، جو کھیل کے میدان میں کھیل رہی تھی۔

Ben کی بہن نے اسے دیکھا اور دوڑتے ہوئے آئی۔ "کیا آپ نے سنا؟ کیا آپ نے سنا؟





ہم آج رات اسکول میں سوئیں گے!" اس نے خوش ہوکر کہا۔

"کیا واقعی؟" Ben نے پوچھا۔

"آؤ، میں تمہیں دکھاؤں گی۔ وہ لوگ جم میں چارپائیاں لگا رہے ہیں۔"

Ben مسکرایا۔ اس کو اپنے پرانے اسکول میں رات گزارنے میں کوئی دلچسپی نہیں تھی، لیکن وہ خوش تھا کہ اس کی بہن نے اس چیز کو ایک مہم جوئی کے بطور دیکھا۔

جم جانے کے بعد، Ben اور اس کی بہن باہر گئے جہاں انہوں نے اپنی ماں اور والد کو اسکول کی سمت آتے ہوئے دیکھا۔ اس کی بہن دوڑ کر اپنے والدین کے پاس گئی اور ان کے گلے لگ گئی۔

"کیا آپ نے سنا؟ کیا آپ نے سنا؟ ہم آج رات اسکول میں سوئیں گے!" Ben نے اس کی نادانی پر اپنی آنکھیں گھمائیں، اور اس کے والدین مسکرائے۔ جم میں سونا اچھا تو نہیں تھا، لیکن یہ محفوظ تھا۔ آخر کار، صورتحال اتنی بھی بری نہیں تھی۔ ہوسکتا ہے کہ Ben اپنے اگلے تخلیقی تحریری اسائنمنٹ کے لیے اس کہانی کے بارے میں لکھے گا— وہ یقینی طور پر گڑھے میں کچرے کے ٹرک کے ڈوبنے اور براڈوے کی سمت شارک کے والے حصہ کو شامل کرے گا۔